۲ / ۱۱ / ۱۴۳۰ھ
۱۲ ـــــ ھ
۹۱/۷۲

۱۱۷

اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

Major (Retd)
Sh. Ghulam
MARI INDUS
(DISTT. MIANW

شوال ۱۴۳۰ھ
اکتوبر 2009ء

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیانِ شرع متین
(اللہ ان پر بے شمار رحمتیں فرمائے) اس مسئلہ شرعیہ میں کہ :

زمانہ حال میں ایک گروہ مسلمانوں نے سبز عمامہ (پگڑی) پر ہمیشگی اختیار کر لی ہے۔ انہوں نے سفید عمامہ ہمیشہ کے لئے ترک کر دیا ہے۔

کیا ہمیشہ کے لئے سبز پگڑی پہننا سنت ہے ؟
اگر سنت ہے تو صحاح ستہ کی کونسی حدیث میں ہے ؟ اور اس حدیث کے راوی کون ہیں ؟

ازراہِ نوازش جواب سے مطلع فرما کر عنداللہ ماجور ہوں
جزاکم اللہ احسن الجزاء

مستفتی : میجر (ر) غلام نصیر نزد جامعہ سعیدیہ ماڑی انڈس (ضلع میانوالی)

بخدمت :
جامعہ فاروقیہ دارالافتاء شاہ فیصل کالونی نمبر 4 کراچی 25

(جواب منسلکہ ورق پر ملاحظہ فرمائیں)

Scanned by CamScanner

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب حامداً ومصلیاً

سبز پگڑی کا استعمال نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے یا نہیں ؟ اس بارے میں کتب صحاح ستہ میں کوئی روایت نہیں ہے بلکہ بہت سے علماء کا تو یہ کہنا ہے کہ اس بارے میں نہ تو کوئی صحیح حدیث ہے اور نہ ہی کوئی ضعیف، البتہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے سبز پگڑی کے استعمال کا ایک اثر مصنف ابن ابی شیبہ میں موجود ہے اس لیے سبز پگڑی پہننے کی گنجائش ہے۔

لیکن موجودہ دور میں اہل بدعت کے شعار بن جانے کی وجہ سے واجب الترک ہے۔

عن سليمان بن أبي عبد الله قال: أدركت المهاجرين الأولين يعتمون بعمائم كرابيس سود، وبيض، وحمر، وخضر وصفر...... الخ

(المصنف لابن أبي شيبة: فصل في اللباس، رقم ٢٥٤٨٩، ١٢/٥٤٥، المجلس العلمي)

قال ابن منير: فيه أن المندوبات قد تنقلب مكروهات إذا رفعت عن رتبتها...... الخ

(فتح الباري: كتاب الصلوة، باب الانفتال والانصراف عن اليمين، ٢/٤٣٠، قديمي)

قال الطيبي: وفيه أن من أصر على أمر مندوب وجعله عزماً ولم يعمل بالرخصة فقد أصاب منه الشيطان من الإضلال فكيف من أصر على بدعة أو منكر.

(مرقاة المفاتيح: كتاب الصلاة، باب الدعاء في التشهد، رقم ٩٤٦، ٣/٣١، رشيدية)

(السعاية: كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ٢/٢٦٣، سهيل اكيڈمي). فقط

والله تعالى أعلم بالصواب

كتبه:

محمد راشد ڈسکوی

المتخصص في الفقه الإسلامي

بالجامعة الفاروقية، بكراتشي

١٦/١١/١٤٣٠هـ

الجواب صحیح

محمد یوسف افشانی

١٥/١١/١٤٣٠ھ

الجواب صحیح

[signature]

١٥/١١/١٤٣٠ھ

جامعہ فاروقیہ — دار الافتاء — شاہ فیصل کالونی نمبر ۴ کراچی (پاکستان)